کوویسٹرو

ضابطہ اخلاق برائے سپلائر

پائیداری بائیر کی اقدار کا ایک کلیدی جزو ہے اور ہمارے بزنس کی حکمتِ عملی کا ایک لازمی حصہ ہے۔

فہرست ابواب

پیش لفظ 3

1. اخلاقیات 4
2. مزدور 5
3. صحت، حفاظت، ماحول اور معیار 6
4. انتظامی نظام 8

حوالہ جات 9

پیش لفظ

„دیرپا نشونما" ایسی دیرپا اقتصادی ترقی کا عالمی سطح پر تسلیم شدہ تصور ہے جو نہ صرف ہمارے کرَہ ارض کے لئے نقصان دہ نہ ہو بلکہ اُس کی موجودہ آبادی اور آنے والی نسلوں کا معیار زندگی بھی بلند کرسکے۔ یہ خیال کیا جا تا ہے کہ دیرپا نشونما کسی بھی کمپنی کی کامیابی اور مستقبل میں اُس کی ترقی[1] میں نمایاں کردار ادا کرتا ھے۔

اقوام متحدہ کے عالمی معاہدے (United Nations Global Compact) کا بانی رکن ہونے کے ناطےکوویسٹرو اُن کمپنیوں میں سے ایک ہے جو انسانی حقوق، مزدور، ماحول اور انسدادِ بدعنوانی کے شعبوں میں عالمی سطح پر تسلیم کردہ دس اصولوں کے مطابق اپنے آپریشنز اور حکمتِ عملیوں میں تبدیلی کے لئے کوشاں ہے۔

1994 سکوویسٹرو نے بھی کیمیکل صنعت کی **Responsible Care initiative** کے رضاکارانہ اقدام کی حمایت کی ہے، جس کے مطابق کمپنیاں صحت، حفاظت اور ماحولیاتی کارکردگی کو مسلسل بہتر بنانےکے لئے مل جل کر کام کرتی ہیں۔

Pharmaceutical Supply Chain Initiative (PSCI) اور **Together for Sustainability Initiative** (TfS) کے رکن ہونے کی حیثیت سے ہم ان کے اخلاقیات، مزدوروں کے حقوق، صحت اور حفاظت، ماحولیات اور متعلقہ انتظامی نظام کے اصولوں کی مکمل طور پر حمایت کرتے ہیں۔

ضابطہ اخلاق برائے کوویسٹرو سپلائ میں پائیداری کی انہی قائم شدہ اصولوں کو سامنے رکھا گیا ہے اور جنہیں کوویسٹرو کے چند اہم ضروری اصولوں میں شامل کر لیا گیا ہے:

- **پائیداری** کوویسٹرو کی اقدار کا ایک اہم جزو ہے اور ہمارے بزنس کی حکمتِ عملی کا ایک لازمی حصہ ہے۔
- **پائیدار ترقی کی پالیسی** کے ذریعے،کوویسٹرو نے پائدار ترقی کے اصولوں پر کاربند ہونے کے لئے واضح طور پر اپنے پُر عزم ہونے کےعہد کا اظہار کیا ہے۔
- کوویسٹرو کی **ہیومن رائٹس پوزیشن** سے اس کی ان کوششوں کی اہمیت واضح ہوتی ہے جو وہ انسانی حقوق اور کام کے ماحول سے متعلق بین الاقوامی سطح پر تسلیم کردہ اصولوں کی پاسداری کے لئے کررہی ہے۔
- **کارپوریٹ تعمیل کی پالیسی** قانون کے اہم پہلوؤں کی نشاندہی کرتی ہےکوویسٹرو کے ملازمین کے لئے قانون اور اخلاق کے دائرے میں رہتے ہوئے ان کی تعمیل کرنا کمپنی کے لئے نہایت اہم ہے۔

یہ تمام سرگرمیاں اس بات کی مظہر ہیں کہ کوویسٹرو سماجی، ارضیاتی اور اخلاقی معیار کے حوالے سے اپنی ذمہ داری کس طرح نبھاتی ہے اور کوویسٹرو کی کمپنیاں اپنے معمول کے کاموں میں پائدار ترقی کے اصول پر کس طرح کاربند ہیں۔

کوویسٹروکمپنی اپنے تمام **سپلائرز اور ذیلی ٹھیکیداروں** سے یہ **توقع** کرتی ہے کہ وہ ضابطہ اخلاق برائے کوویسٹرو میں مذکورہ اصولوں پر کاربند ہونے کے لئے ہمارا ساتھ دیں گے۔ اُن اصولوں کا ایک **اہم جُزو سپلائر کے انتخاب اور اسکو جانچنے پرکھنے** سے متعلق ہے۔ اس کے علاوہ، ہم اپنے سپلائرز سے یہ توقع بھی رکھتے ہیں کہ وہ ان معیارات کوسپلائی چین کی نچلی سطح تک پہنچائے گے۔

لہٰذا یہ ضابطہ اخلاق سپلائرز کو اس مقصد کے لئے فراہم کیا گیا ہے کہ باہمی رضامندی سےاس بات کو مستحکم کیا جائے کے روز مرّہ کے کاموں میں پائیداری کے لئے کیا کچھ کیا جا نا چاہئے۔

[1] کوویسٹرو پائیدار ترقیاتی پالیسی
* کوویسٹرو – بائیر مٹیریل سائنس اور بائیر گروپ کے رکن کے طور پر



1. اخلاقیات

سماجی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لئے، سپلائرز سے **توقع کی جاتی** ہے کہ وہ اخلاقی حدود میں رہتے ہوئے دیانتداری کے ساتھ اپنا کاروبار کریں گے۔ اخلاقی ضروریات مندرجہ ذیل پہلوؤں پر مشتمل ہے:

کاروباری دیانتداری
سپلائرز سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی شکل میں بدعنوانی، بھتہ خوری (Extortion) یا خیانت کو نہ کاروبار کا حصہ بنائیں گے نہ برداشت کریں گے۔ سپلائرز اپنے بزنس پارٹنرز کو نہ رشوت دیں گے نہ ان سے لیں گے اور نہ ہی ان کو کوئی غیر قانونی ترغیبات (Unlawful Incentives) کی پیشکش کریں گے۔ امید کی جاتی ہے کہ سپلائرز کاروباری تعلقات کی بنا پر کوویسٹرو کے ملازمین کو تحفہ تحائف نہیں دیں گے اور نہ ان کو کسی قسم کے ذاتی فائدہ کی پیشکش کریں گے۔

شفاف مقابلہ
سپلائرز شفاف مقابلے اور بڑے بڑے تجارتی اتحادوں کی اجارہ داری کی مخالفت (Antitrust) پر لاگو قوانین کے مطابق اپنا کاروبار چلائیں گے۔

پرائیویسی اور انٹللیکچوئل پراپرٹی
سپلائرز خفیہ معلومات کا تحفظ کریں گے اور ان کا صرف مناسب استعمال کیا جائے گا اور اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ تمام ملازمین اور بزنس پارٹنرز کی رازداری (Privacy) اور ان کی ذہنی تخلیقات کی جائز ملکیت (Intellectual Property) کے حقوق کو تحفظ حاصل رہے۔

تشویشناک معاملات کی نشاندہی
سپلائرز اپنے ملازمین کو ایسے ذرائع مہیا کریں گے جن کی مدد سے وہ کام کی جگہ پر ہونے والے معاملات یا ممکنہ غیر قانونی سرگرمیوں کی رپورٹ دے سکیں۔ ایسی رپورٹ کو خفیہ طریقے سے نمٹانا چاہئے۔ سپلائرز ایسی رپورٹس کی تفتیش کریں گے اور اگر ضروری ہو تو ان کی اصلاح کے لئے اقدامات کریں گے۔

معیارات کا کلینکل ٹرائلز کرنے کا انعقاد
سپلائرز سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ بین الاقوامی گائیڈ لائنز، موجودہ قومی اور مقامی قوانین اور قواعد و ضوابط اور اعلی ترین میڈیکل، سائنسی اور اخلاقی اصولوں، خاص طور پر ہیلسنکی اعلامیے کے مطابق کلینکل ٹرائلز کا انعقاد کریں گے۔

جانوروں کی فلاح
اگر سپلائرز کی صنعت اس سے متعلق ہو تو، جانوروں پر تجربات کا عمل کم سے کم کرتے ہوئے متبادل طریقے استعمال کئے جائیں گے جو سائنسی پہلو سے درست اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے لئے قابل قبول ہوں۔

متنازعہ معدنیات
سپلائرز سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ یقینی بنائیں کہ جو مصنوعات کوویسٹروکو سپلائی کی جا رہی ہیں وہ اُن دھاتوں پر مشتمل نہیں ہے، جو معدنیات سے نکالی گئی ہیں یا ان متنازعہ علاقوں سے حاصل کردہ ہے، جو بلاواسطہ یا بالواسطہ طورپر مسلح گروہوں کو فنانس کریں یا فائدہ پہنچانے۔

2. مزدور

سپلائرز سے **توقع کی جاتی** ہے کہ وہ اپنے ملازمین کے انسانی حقوق کا تحفظ کریں گے اور ان کے ساتھ عزت اور احترام سے پیش آئیں گے۔ یہ مندرجہ ذیل پہلوؤں پر مشتمل ہے:

بچوں سے محنت مشقت سے اجتناب

ہم اپنی سپلائی چین میں بچوں سے مزدوری کروانے کو برداشت نہیں کرتے۔ سپلائرز اپنے کاروباری امور میں ILO's[2] (International Labour Organization) بنیادی لیبر معیار اور United Nations Global Compact کے اصولوں سے مطابقت کرتے ہوئے بچوں سے کسی بھی طرح کی محنت و مشقت سے گریز کریں گے۔

آزادنہ طور پر ملازمت کا چناؤ

سپلائرز جبری (Forced)، مقید (Bonded) یا مشروط (Indentured) محنت و مشقت یا قیدیوں (involuntary prison labour) کی مرضی کے خلاف لی جانے والی بے گار کا استعمال نہیں کریں گے۔

غیر امتیازی سلوک

تمام ملازمین کے ساتھ مساوی سلوک سپلائرز کی کارپوریٹ پالیسی کا ایک بنیادی اصول ہوگا۔ مخصوص امتیازی سلوک برتنا خواہ وہ شعوری یا غیر شعوری طور پر ہو، نا قا بل قبول ہے۔ ملازمین کی غیر متعلقہ خصوصیات جیسے کہ، نسل، قومیت، جنس، عمر، جسمانی خصوصیات، سماجی نژاد، معذوری، یونین کی رکنیت، مذہب، خاندانی حیثیت، حمل، جنسی رجحان، جنسی شناخت، جنسی اظہار یا قابل اطلاق قانون کے تحت کوئی غیر قانونی جانچ پڑتال کے اصول۔ سپلائرز اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ان کے ملازمین کو کسی طرح بھی ہراساں نہیں کیا جارہا ہے۔ ایک جامع اور معاون کام کرنے کا ماحول فراہم کرنے کے لئے اور اس کے ساتھ ساتھ ان کے ذیلی ٹھیکیداروں کو منتخب کرنے کے فیصلوں پرconvestoسپلائرز کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

شائستہ/مہذب رویہ

سپلائرز اپنے ملازمین کو کام کا ایسا ماحول مہیا کریں گے جو سخت اور غیر انسانی سلوک، جنسی طور پر ہراساں کرنا، جنسی زیادتی، جسمانی سزا یا اذیت، جسمانی یا ذہنی جبرودباؤ، ملازمین کے ساتھ بدزبانی یا اس نوعیت کے رویہ کی دھمکی سے پاک ہو۔ مزید برآں، سپلائرز سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی ملازم کے کام کے معاہدے کو غیر منصفانہ طور پر ختم نہیں کریں گے یا بغیر واضح ثبوت کے، جسے کہ تعیین کیا جائے کہ ملازمت کے معاہدے سے برطرفی، ملازم کے کام کرنے کی کارکردگی کے حوالے سے، قانوناً جائز ہو۔

اوقاتِ کار، اجرت اور سہولتیں

سپلائرز کے ملازمین کے اوقاتِ کار قومی سطح پر متعین کردہ قانونی اوقاتِ کار سے زیادہ نہیں ہوں گے۔ اُجرتوں کے ملکی قوانین کے مطابق ملازمین کو اُجرتیں دی جائیں گی اور ایک مناسب معیارزندگی کو یقینی بنایا جائے گا۔ نظم و ضبط قائم رکھنے کی خاطر اصل اُجرت میں سے کٹوتی نہیں کی جائے گی۔ بشرطیکہ مقامی قوانین میں اس کی اجازت دی گئی ہو (اس میں کنٹریکٹ یا قانون کی بنیاد پر نقصان کے معاوضے کا حق خارج از عمل نہیں ہے)۔ سپلائرز سے امید کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ملازمین کو منصفانہ اور مسابقتی اُجرتیں اور فوائد فراہم کریں گے۔ اُجرتیں اور فوائد فراہم کرنے کا مقصد یہ ہونا چاہیئے کہ ملازمین اور ان کے اہل خانہ کے لئے ایک مناسب معیار زندگی مہیا کی جا رہی ہے۔ ملازمین کو اُجرتیں وقت پر دی جائیں گی۔ سپلائرز کی طرف سے ملازمین کو وافر حد تک ٹریننگ اور تعلیم حاصل کرنے کے لئے مواقع فراہم کرنے کی سفارش بھی کی جاتی ہے۔

انجمن سازی کی آزادی

سپلائرز اپنے ملازمین اور کارکنوں کے نمائندوں سے کھلے ذہن کے ساتھ تعمیری مذاکرات کرنے کے پابند ہوں گے۔ آزادانہ طور پر متحد ہونے، مزدور یونین میں شامل ہونے، نمائندگی کے حصول کے لئے کوششیں کرنے، ورکس کاؤنسلز میں شمولیت اختیار کرنے اور اجتماعی سوداکاری (Collective Bargaining) کے لئے مقامی قوانین کے مطابق سپلائرز اپنےملازمین کے حقوق کا احترام کریں گے۔ کارکنوں کے نمائندوں کی حیثیت سے کام کرنے والے ملازمین کے لئے سپلائرز کوئی دشواری پیدا نہیں کریں گے۔

[2] Minimum Age Convention 1973; (No. 138);
Worst Forms of Child Labour Convention, 1999, (No. 182)



3. صحت، حفاظت، ماحول اور معیار

سپلائرز **سے توقع** کی جاتی ہے کہ وہ کام کرنے کے لئے ایک محفوظ اور صحت مند ماحول اور اگر قابل اطلاق ہو تو، محفوظ اور صحت بخش کمپنی کی طرف سے رہنے کیلئے کواٹر مہیا کریں گے، اور ماحولیاتی ذمہ داری کومحسوس کرتے ہوئے عمدہ کارکردگی سے اپنا کام کریں گے۔ سپلائرز معیار کو اپنے کاروبار کے طریقوں کا لازمی حصہ بنائیں گے۔ یہ مندرجہ ذیل پہلوؤں پر مشتمل ہے:

میعار کی شرائط

سپلائرز معیار کی ان شرائط کو پورا کریں گے جو عام طور سے تسلیم کی جاتی ہیں یا جو معاہدہ کے تحت طے کی جائیں تاکہ جو اشیاء اور خدمات فراہم کی جائیں وہ ہر لحاظ سےکوویسٹرو کی ضروریات کے مطابق ہوں اور پائیداری کی جو ضمانت دی گئی ہوں اس پر پوری اترتی ہوں اور اسکے حتمی استعمال کا جو مقصد ہے اس کے لئے وہ محفوظ ہوں۔

صحت، حفاظت، ماحولیاتی اور معیارکے ضوابط

سپلائرز معیار، صحت، حفاظت اور ماحولیات کے حوالے سے تمام قواعد و ضوابط کی پابندی کریں گے۔ تمام مطلوبہ اجازت نامے، لائسنس اور رجسٹریشن حاصل کئے جائیں گے اور انہیں ان کے تازہ ترین (up-to-date) شکل میں اپنے پاس رکھیں گےسپلائرز اپنے آپریشن اور اس کے بارے میں باخبر رکھنے کے تقاضوں کو پورا کریں گے۔

مصنوعات کی حفاظت

سپلائرز خطرناک اجزاء پر مشتمل مٹیریل کے حفاظتی پہلوؤں سے متعلق تمام ضروری معلومات کی تفصیل (Material Safety Sheet) رکھیں گے جو بوقت ضرورت دستیاب ہوسکے اور جائز ضرورت پڑنے پرکوویسٹرو یا دوسری پارٹیوں کو فراہم کریں گے۔

پیشہ سے متعلق صحت اور حفاظت

سپلائرز کسی بھی کیمیکل، بائولوجیکل اور جسمانی خطروں سے اپنے ملازمین کو محفوظ رکھیں گے۔ کام کی جگہ پر جسمانی محنت و مشقت کے متقاضی کاموں کے ساتھ ساتھ ملازمین کے زیر استعمال چیزوں (Infrastructures) سے متعلقہ خطرات سے بھی ان کو محفوظ رکھیں گے۔ کام کی جگہ پر صحت اورحفاظت کو لاحق خطرات کو کم سے کم کرنے کے لئے سپلائرز مناسب کنٹرول، کام سرانجام دینے کے محفوظ طریقے، حفاظتی دیکہ بھال اور ان سے بچنے کے لئے ضروری ٹیکنیکل اقدامات بھی کریں گے۔ اگر ان طریقوں سے خطرات مناسب حد تک کنٹرول نہ ہوسکتے ہوں تو سپلائرز اپنے ملازمین کو ان کی ذاتی حفاظت کیلئے مناسب ساز و سامان مہیا کریں گے۔ خطرناک مواد[3] – بشمول مرکبات انٹرمیڈیٹ مواد – سے متعلق حفاظتی معلومات دستیاب ہونگی، ملازمین کو تعلیم، تربیت اور خطرات سے محفوظ رہنے کے بارے میں بتایا جائے گا۔ ایک محفوظ اور صحت مند کام کا ماحول، کم از کم پینے کے قابل پانی، مناسب روشنی، درجہ حرارت، ہوا کا انتظام (وینٹیلیشن)، انتظام حفظانِ صحت، اوراگر قابل اطلاق ہو تو، محفوظ اور صحت بخش کمپنی کی طرف سے رہنے کے لئے کے کواٹر، مہیا کرنا شامل ہیں۔

پیداواری عمل کے دوران حفاظت

سپلائرز اپنے تمام پیداواری عمل کے طریقوں (Production Processes) کے انتظام اور دیکہ بھال کے لئے حفاظتی معیار (Standards) کے مطابق حفاظتی پروگرام ترتیب دیں گے۔ سپلائرز پیداواری عمل کے دوران تمام مراحل پر مصنوعات سے متعلق مسائل اور انکے ممکنہ اثرات پر نظررکھیں گے۔ خطرناک قسم کی تنصیبات کے مخصوص خطرات کا تجزیہ کریں گے اور ایسے اقدامات اٹھائیں گے، جن سے کیمیائی اخراج اور/یا دھماکوں جیسے حادثات کو واقع ہونے سے روکا جاسکے۔

[3] اقوام متحدہ کے (United Nations Globally Harmonized System) GHS کے مطابق



3. صحت، حفاظت، ماحول اور معیار

ہنگامی حالات کیلئے پیشگی تیاری، خطرے کی معلومات اور تربیت

سپلائرز کام کرنے کی جگہ پر شناخت کردہ خطرات کے متعلق تمام حفاظتی معلومات کی دستیابی کا اہتمام کریں گے اور ان کی مناسبت سے ملازمین کو ٹریننگ دیں گے۔ تاکہ ایک معقول حد تک ان کی حفاظت کو یقینی بنایا جاسکے۔ سپلائرز کام کرنے کی جگہ پر متوقع اور ممکنہ ایمرجنسی جیسے حالات کی نشاندہی اور تعین کریں گے اور ان کے اثرات کو کم سے کم کرنے کے لئے ایمرجنسی پلانز (Emergency Plans) پر عمل درامد کریں گےاور کسی ایسی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ایمرجنسی پلانزکے طریقوں کے مطابق کارروائی کریں گے

صنعتی فضلے اور مادوں کا اخراج

سپلائرز ایسے نظام (Systems) وضع کریں گے جن سے اشیاء کے استعمال کا محفوظ طریقہ، نقل و حمل ذخیرہ کرنے، کسی چیز کو بار بار یا دوبارہ استعمال کرنے (Recycling & Reuse) یا صنعتی فضلے کو ٹھکانے لگانے، مادّوں کا فضأ میں اخراج اور بے کار اور مسترد شدہ پانی (Waste Water) کی نکاسی کے انتظام کو یقینی بنایا جاسکے۔ ان سے کوئی بھی ایسا کام جس سے انسانوں یا ماحول کو نقصان پہنچنے کا احتمال ہو تو ماحول میں اخراج سے پہلے اس کے لئے مناسب بندوبست کیا جائے گا، اس کی اہمیت کا اندازہ لگایا جائے گا، اسے کنٹرول کیا جائے گا اور اسی مناسبت سے کارروائی کی جائے گی۔ سپلائرز ماحول (زمین/فضأ) میں حادثاتی طور پر خارج ہو جانے یا بہہ جانے کی صورتحال سے بچنے یا ان کے نقصان کو کم سے کم رکھنے کے طریقوں کا انتظام کریں گے۔

وسائل کی بچت اور ماحول کا تحفظ

توقع کی جاتی ہے کہ سپلائرز قدرتی وسائل (جیسے کہ پانی، توانائی کے ذرائع، خام مال) کفایت سے استعمال کریں گے۔ ماحول اور آب و ہوا پر منفی اثرات کے ذرائع (Sources) پر یا دوسرے طریقوں پر جیسے پیداواری عمل، اس کی دیکھ بھال اور سہولت میں تبدیلی، متبادل مٹیریل، بچت، کسی چیز کو بار بار یا دوبارہ استعمال کرنے (Recycling & Reuse) کے ذریعوں سے ختم یا کم کئے جاسکتے ہیں۔ توانائی کے استعمال اور گرین ہائوس (Green Houses) گیسزکے اخراج میں کمی کرنے کے لئے سپلائرز ایسی مصنوعات اور ان کو بنانے کے ایسے طریقوں کو فروغ دیں گے اور استعمال کریں گے جو آب و ہوا کے لئے نقصان دہ نہ ہوں۔

سیکورٹی

سپلائرز کو اِن کی پوری سپلائی چین کے آرپار اچھے سیکورٹی کے طریقوں کو اپنانا پڑے گا۔ سپلائرز اُن عملوں اور معیارات کو برقرار رکھیں گے، جو اس لئے تیار کئے گئے ہیں کہ اس بات کو یقینی بنائیں کہکوویسٹرو کی ہر شپمنٹ اس کے سفر کے آغاز سے لے کر، درمیان میں آنے والے تمام مقامات اور منزل تک خیروعافیت سے پہنچے۔

سپلائرز سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ذمہ دار علاقوں میں ضروری اور مناسب اقدامات پر عملدرآمد کریں، جو اس بات کو یقینی بنائے کہکوویسٹرو کی مصنوعات، اِن کے قابل عمل اجزاء یا خام مال اوراس کے ساتھ ساتھ اس سے منسلکہ علم، مصنوعی مصنوعات بنانے والوں یا تیسرے فریق کے ہاتھ نہ لگے اور لیگل سپلائی چین سے باہر نکل کر نہ جائے۔

4. انتظامی نظام

سپلائرز **سے توقع کی جاتی** ہے کہ وہ ایسے انتظامی نظام وضع کریں گے جن سے تمام متعلقہ قوانین کی تعمیل میں آسانی ہو اور سپلائر کے اس ضابطہ اخلاق میں جن **توقعات** کا اظہار کیا گیا ہے ان پر پورا اترنے کے لئے مسلسل بہتری کی حوصلہ افزائی کریں گے۔ اس میں مندرجہ ذیل پہلو شامل ہیں:

قانونی و دیگر شرائط
سپلائرز تمام متعلقہ قوانین، ضوابط، کنٹریکٹ کے تحت کئے گئے معاہدوں اور عام طور سے تسلیم شدہ معیاروں کی پابندی کریں گے۔

سپلائی چین (Supply Chain) کو پائیداری کے معیار سے آگاہ کرنا
سپلائرز سپلائی چین کو اس ضابطہ اخلاق میں واضح کردہ اصولوں سے آگاہ کریں گے۔

عہد کی پابندی اور جوابدہی
وسائل کی مناسب و موضوں تقسیم کے ذریعے اس ضابطہ اخلاق میں واضح کردہ توقعات پر پورا اترنے کے لئے سپلائرز کی ہمت افزائی کی جاتی ہے۔

خطرہ سے آگاہ
سپلائرز سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اس ضابطہ اخلاق میں بیان کردہ تمام سرگرمیوں کے ممکنہ خطرات کی نشاندہی، ان کا تعین اور ان سے نمٹنے کے طریقوں (Mechanisms) پر عمل کریں گے اور تمام متعلقہ قوانین کی ضروریات پوری کریں گے۔

کاروباری سرگرمیوں کی دستاویزی شکل
سپلائرز سے امید کی جاتی ہے کہ وہ اپنی کاروباری سرگرمیوں کو ایک مناسب دستاویزی شکل میں رکھیں گے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اس ضابطہ اخلاق میں بیان کردہ اُصولوں اور اقدار میں ہمارے برابر کے شریک ہیں۔ باہمی رضامندی سے بائیر کمپنی اس کا معائنہ بھی کرسکتی ہے۔

ٹریننگ اور قابلیت
سپلائرز اپنے منیجرز اور ملازمین کی ٹریننگ کے لئے ایسے اقدامات کریں گے جن سے اُن کو اس ضابطہ اخلاق کے تمام مندراجات، متعلقہ قوانین، ضابطوں اور عام طور پر سے تسلیم شدہ معیاروں کی مناسب حد تک واقفیت اور ان کی سمجھ بوجھ حاصل ہوسکے۔

مسلسل بہتری
توقع کی جاتی ہے کہ سپلائرز مناسب اقدامات کرتے ہوئے اپنی پائیداری کی کارکردگی کو مسلسل بہتر بنائیں گے۔

حوالہ جات

1) خارجی حوالے:

- **Declaration of Helsinki** http://www.wma.net/en/20activities/10ethics/10helsinki/
- **International Labour Standards (ILO)**
  http://www.ilo.org/public/english/standards/norm/whatare/fundam/index.htm.ilo.org
- **OECD Guidelines for Multinational Enterprises** http://www.oecd.org
- **OECD Guiding Principles for Chemical Accident, Prevention, Preparedness and Response**
  http://www.oecd.org/env/ehs/chemical-accidents/Guiding-principles-chemical-accident.pdf
- **Responsible Care Global Charter** http://www.responsiblecare.org
- **Together for Sustainability** http://www.tfs-initiative.com
- **United Nations Global Compact** http://www.unglobalcompact.org
- **Universal Declaration on Human Rights** http://www.un.org/Overview/rights.html

2) بائیر کے مخصوص ذرائع:

www.covestro.com > Sustainability > Policies

- **Covestro Sustainable Development Policy**
- **Covestro Human Rights Position**
- **Covestro Compliance Policy**
- **Covestro Responsible Care Policy**
- **Covestro Water Policy**
- **Covestro's Policy on the Protection of Biodiversity**
- **Covestro - Handling Products Responsibly on a Global Scale**
- **Covestro Code of Conduct for Responsible Lobbying**
- **Covestro Responsible Marketing & Sales Policy**



Covestro AG
51365 Leverkusen, Germany
www.procurement.covestro.com

ورژن 1.0، ستمبر 2015